WEST BENGAL STATE UNIVERSITY

B.A. Honours 6th Semester Examination, 2022

URDACOR13T-URDU (CC13)

Time Allotted: 2 Hours — Full Marks: 50

The figures in the margin indicate full marks.
Candidates should answer in their own words and adhere to the word limit as practicable.

1. درج ذیل میں سے کسی پانچ سوال کے جواب تحریر کیجئے: — 2×5 = 10

(i) غالب کا پورا نام بتایئے.

(ii) غالب کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(iii) غالب کو کس جرم کی پاداش میں جیل جانا پڑا؟

(iv) غالب کے خطوط کا پہلا مجموعہ کون سے ہے؟

(v) غالب نے کس بادشاہ کے لیے اپنا مشہور قصیدہ تحریر کیا؟

(vi) غالب کے دو معاصر شاعروں کا نام بتایئے.

(vii) مرزا یوسف کا غالب سے کیا رشتہ تھا؟

(viii) غالب کی اہلیہ کا نام بتایئے.

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھئے۔ — 10×2 = 20

(i) عہد غالب کی ادبی صورتحال پر روشنی ڈالیے.

(ii) غالب کی خطوط نگاری پر مکمل مضمون تحریر کیجئے.

(iii) غالب اور جدید ذہن سے متعلق اپنا نقطہء نظر پیش کیجئے.

(iv) تلامذۂ غالب سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجئے.

3. درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی ناقدانہ تشریح کیجئے۔ 10×1 = 10

(i) قفس میں مجھ سے رودادِ چمن کہتے نہ ڈر ہمدم
گری ہے جس پر کل بجلی، وہ میرا آشیاں کیوں ہو

(ii) دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز
پھر ترا وقت سفر یاد آیا

4. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ 10×1 = 10

(i) سنو صاحب! یہ تم جانتے ہو کہ زین العابدین خاں مرحوم میرا فرزند تھا اور اب اوس کے دونوں بچے، کہ وہ میرے پوتے ہیں میرے پاس آرہے ہیں اور دمبدم مجھ کو ستاتے ہیں اور میں تحمل کرتا ہوں۔ خدا گواہ ہے کہ میں تم کو اپنے فرزند کی جگہ سمجھتا ہوں۔

(ii) وہ ایک جنم تھا کہ جس میں ہم تم باہم دوست تھے اور طرح طرح کے ہم میں تم میں معاملاتِ مہر و محبت درپیش آئے۔ شعر کہے، دیوان جمع کیے۔ اوسی زمانے میں ایک اور بزرگ تھے کہ وہ ہمارے تمہارے دوست دلی تھے اور منشی نبی بخش اون کا نام اور "حقیر" تخلص تھا. ناگاہ وہ زمانہ رہا، نہ وہ اشخاص نہ وہ معاملات نہ وہ اختلاط، نہ وہ انبساط! بعد چند مدت کے پھر دوسرا جنم ہم کو ملا، اگرچہ صورت اس جنم کی بعینہ مثل پہلے جنم کے ہے۔

N.B. : *Students have to complete submission of their Answer Scripts through E-mail / Whatsapp to their own respective colleges on the same day / date of examination within 1 hour after end of exam. University / College authorities will not be held responsible for wrong submission (at in proper address). Students are strongly advised not to submit multiple copies of the same answer script.*

——×——